Planning & Development Board
Primary & Secondary Healthcare Department
School Education Department

# پنجاب میں بچوں کے پیٹ کے کیڑوں کے خاتمے کا ہفتہ

تاریخ:

## مفت اور محفوظ دوا کے لیے اپنے 5 سے 14 سال کے بچوں کو کسی بھی قریبی سرکاری یا نجی سکول بھیجئے

## پس منظر

پیٹ کے کیڑے انسانی آنتوں میں رہتے ہیں اور بچوں پر غذائی اعتبار سے منفی اثرات مرتب کرتے ہیں جس سے ان کی اسکول کی کارکردگی بھی متاثر ہوتی ہے۔ صوبہ پنجاب کے پانچ اضلاع اٹک، چکوال، راولپنڈی، گجرات اور جہلم میں پانچ سے چودہ (5-14) سال کی عمر کے تقریبا 3.65 ملین بچے ان کیڑوں سے متاثر ہونے کے خطرے کی زد میں ہیں اور انہیں پیٹ کے کیڑوں (جن میں Hookworm یعنی ہک ورم، Whipworm یعنی چمونے اور Roundworm یعنی ملپ شامل ہیں) سے محفوظ رکھنے کے لیے ہر سال باقاعدگی سے ڈی ورمنگ ٹریٹمنٹ یعنی پیٹ کے کیڑوں کے خاتمے کے علاج کی ضرورت ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کی وجوہات اور پھیلاؤ کے چند طریقے:




Punjab Deworming Initiative پیٹ کے کیڑوں کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے صوبہ پنجاب کے پانچ اضلاع اٹک، چکوال، راولپنڈی، گجرات اور جہلم کے تمام سکولوں میں بچوں کو دوا کھلانے کی مہم ہے۔

قومی سطح پر حکومت پاکستان نے Pakistan Deworming Initiative اور صوبائی سطح پر حکومت پنجاب نے Punjab Deworming Initiative کا منصوبہ وزارت صحت، وزارت تعلیم، وزارت منصوبہ بندی، عالمی ادارہ صحت (World Health Organization)، Indus Hospital & Health Network اور IRD Pakistan کے تعاون سے شروع کیا ہے۔

## تعارف

پانچ سے چودہ (5-14) سال کے بچوں کی ایک بڑی تعداد کو پیٹ کے کیڑوں کی دوا کھلانے کے لیے اسکول جیسی جگہ کا استعمال نہایت سادہ اور مستند طریقوں میں سے ایک ہے۔ تربیت یافتہ اساتذہ اپنے اسکولوں کے طلبہ اور اسکول نہ جانے والے بچوں کو ڈی وارمنگ (یعنی پیٹ کے کیڑوں کے خاتمے) کے ہفتہ میں دوا کھلاتے ہیں۔ اس طرح آگاہی رکھنے والے اور تربیت یافتہ اساتذہ اپنے اسکولوں کے بچوں کی صحت پر بہترین مثبت اثرات مرتب کرسکتے ہیں۔

**تربیت یافتہ اساتذہ کے لیے یہ رہنما اصول درج ذیل مواقع پر کارآمد ہوں گے:**

1. طلبا، والدین، کمیونٹی اور کمیونٹی کے رہنماؤں کو پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ پر عمل کرنے سے قبل آگاہی دینی ہوگی تاکہ سب کو اس مہم کے متعلق معلوم ہو جائے تاکہ پانچ سے چودہ (5-14) سال کی عمر کے تمام بچوں کو پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کے دن (ڈی ورمنگ ڈے) علاج تک رسائی حاصل ہو۔
2. علاج اور اس سے فائدہ اٹھانے والے بچوں کا اندراج، تاکہ یہ عمل محفوظ اور اچھے طریقے سے محکمہ پنجاب صحت اور عالمی ادارہ صحت کے معیارات کے مطابق ہو سکے۔

اس کتابچے میں درج ذیل اہم معلومات شامل ہیں:

1. پیٹ کے کیڑوں کے متعلق آگاہی اور ڈی ورمنگ کی اہمیت سے متعلق پیغامات جو ڈی ورمنگ کے ہفتہ سے قبل اسکولوں اور علاقوں میں پہنچائے جائیں گے۔
2. ڈی ورمنگ کے ہفتہ، اس سے قبل اور اس کے بعد اساتذہ کے کردار کے حوالے سے مرحلہ وار ہدایات۔

## حصہ اوّل
## ڈی ورمنگ کی ضرورت اور اہم پیغامات

- پیٹ کے کیڑے بچوں کی ذہنی و جسمانی نشوونما پر منفی اثرات مرتب کرتے ہیں جس سے بلوغت میں ان کی صلاحیتیں طویل عرصے تک متاثر ہو سکتی ہیں۔
- پیٹ کے کیڑوں سے سب سے زیادہ بچے متاثر ہوتے ہیں ان کیڑوں کی تعداد انتہائی زیادہ ہو سکتی ہے۔
- پیٹ کے کیڑے غذائیت میں جذب ہونے میں رکاوٹ پیدا کر سکتے ہیں، کہ اس سے خون کی کمی، بھوک کا نہ لگنا، کمزوری، متلی، پیٹ میں درد جیسی شکایات بھی ہو سکتی ہیں پیٹ کے کیڑوں سے بچوں کی ذہنی و جسمانی نشوونما پر شدید منفی اثر مرتب ہوتے ہیں
- اس انفیکشن سے بچے تھکان کا شکار ہو جاتے ہیں اور سیکھنے پر دھیان نہیں دے پاتے۔ نتیجتاً وہ بیمار اور اسکول سے غیر حاضر رہتے ہیں۔
- سنگین اور طویل مدتی معاملات میں پیٹ کے کیڑے آنتوں میں رکاوٹ اور یہاں تک کہ بڑی آنت کے مقعد سے باہر نکل آنے ( Rectal Prolapse)تک کا سبب بن سکتے ہیں.

### ڈی ورمنگ کی عنقریب ہونے والی مہم

- ڈی ورمنگ ایک سادہ، محفوظ اور موثر علاج ہے جو حکومت پاکستان کے تعاون سے مفت فراہم کیا جاتا ہے
- یہ علاج پانچ سے چودہ (14-5) سال کی عمر کے اسکول جانے والے تمام بچوں، بشمول ان بچوں کو دستیاب ہو گا جو اسکول نہیں جاتے۔
- اسکول میں پانچ سے چودہ (14-5) سال کی عمر کے تمام بچوں کو محفوظ طریقے سے دوا کھلانے کے لیے اساتذہ کو تربیت فراہم کی گئی ہے۔
- اسکول جانے کی عمر والے وہ بچے جو کسی اسکول میں داخل نہیں، ان کے والدین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ڈی ورمنگ کے لیے اپنے بچوں کو ڈی ورمنگ کے ہفتہ کے دوران مقامی اسکول بھیجیں۔

### ڈی ورمنگ کے فوائد

- ڈی ورمنگ کی ایک دوا سے بچوں کے اندر پیٹ کے کیڑوں کی تعداد میں نمایاں کمی واقع ہو سکتی ہے۔
- اسکول جانے والے وہ بچے جو ڈیورمنگ کی دوا کھائیں گے، صحت مند و توانا ہوں گے اور اسکول میں بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کر سکتے ہیں۔



حکومت پنجاب وقتاً فوقتاً مختلف عمر کے بچوں کے لیے پیٹ کے کیڑوں کے خاتمے کی مہم چلاتی رہتی ہے۔ اس منصوبے کا مقصد پانچ سے چودہ (14-5) سال کی عمر کے تمام بچوں کو علاج فراہم کرنا ہے تاکہ اسکول اور عوام کو پیٹ کے کیڑوں سے محفوظ رکھا جا سکے۔

### پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کیسے ممکن ہے؟

صاف پانی کی فراہمی، گندے پانی کی نکاسی اور صفائی کا خیال رکھنے سے پیٹ کے کیڑوں سے پھیلنے والی دیگر بیماریوں سے محفوظ رہنے میں مدد ملتی ہے۔

1. بیت الخلا کا استعمال کریں اور کھلے میں رفع حاجت سے گریز کریں
2. ماحول کو صاف رکھیں (ہر قسم کا پاخانہ بچوں کے فضلے کو لیٹرین میں پھینک دیجیے)۔
3. لیٹرین کے استعمال کے بعد اور کھانے سے قبل ہمیشہ ہاتھوں کو صابن سے اچھی طرح دھولیجیے۔
4. چہرے اور ہاتھوں کو دھو کر صاف رکھیے اور ناخن لمبے نہ رکھیں۔
5. سبزیوں اور پھل کو کھانے سے قبل دھو لیجیے یا چھلکا اتار لیجیے یا کھانے کو اچھی طرح پکا کر کھائیے۔
6. کھانے کی چیزوں کو ڈھانپ کر اور مکھیوں کی پہنچ سے دور رکھیں۔
7. صرف صاف پانی کا استعمال کریں، صاف پانی کے لیے سکول میں صاف پانی کے موجودہ نظام کے تحت میسر کیے جانے والے پانی کا استعمال کریں۔
8. پیٹ کے کیڑوں کے انفیکشن سے محفوظ رہنے کے لئے چپل پہنے رکھیں اور ننگے پاؤں نہ چلیں۔
9. اسکول کی سطح پر ڈی ورمنگ مہم کے تحت فراہم کی جانے والی گولیاں میبنڈازول ۵۰۰ ملی گرام (Mebendazole 500mg) کم از کم سال میں ایک بار ضرور لیجیے۔



# حصہ دوئم

## تربیت حاصل کرنے والے اساتذہ کا کردار اور مرحلہ وار رہنمائی

### تربیت حاصل کرنے والے اساتذہ کا کردار اور ان کی ذمہ داریاں

| ہفتہ | ذمہ داریاں |
|---|---|
| 1 | **ڈی ورمنگ سے قبل**<br>• ڈی ورمنگ کی دوا اسکول میں ایک محفوظ اور خشک جگہ پر محفوظ رکھنا۔<br>• اپنے اپنے اسکول میں دیگر اساتذہ کو ڈیورمنگ کی اطلاع دینا اور تربیت فراہم کرنا۔<br>• اسکولوں میں دوائی کھلانے کے عمل کا انتظام کرنا۔<br>• طلباء اور والدین کو اس حوالے سے متحرک کرنا اوڈی ورمنگ اور صحت سے متعلق (اس کتابچے کے حصہ اول میں نمایاں کیے گئے اہم پیغامات اور نکات کو استعمال کرتے ہوئے) آگاہی پھیلانا۔ |
| 2 | **ڈی ورمنگ کے دوران**<br>• مقررہ دنوں پر طلباء اور علاقے کے وہ بچے جو اسکول میں داخل نہیں انہیں ڈی ورمنگ کی دوا کھلانا۔<br>• اتفاقی طور پر ہونے والے ہلکے پھلکے منفی اثرات کو سنبھالنا اور یہ معلومات رکھنا کہ کس بچے کو طبی ادارے یا عملے کے پاس لے کر جانا ہے۔<br>• رپورٹنگ فارمز: Form 1A, Form 1 B, Form2 اور اریفرل سلپ SEA Referral Slip) مکمل کرنا جو کہ ساتھ منسلک ہیں)۔ |
| 3 | **ڈی ورمنگ کے بعد**<br>• اسکول میں سارے بچوں کو دوا کھلانے کے بعد کتابچے میں دیئے گئے فارم پر خلاصہ درج کریں جو کہ فارم 1A اور 1B کے اعداد سے لیا جائے گا۔ فارم 2 پر خلاصہ تیار کرنے کے بعد تمام اساتذہ اس فارم کو فوری طور پر اپنے متعلقہ AEO کے پاس جمع کرائیں۔ |

## ڈی ورمنگ سے قبل کرنے کے کام

1. ڈی ورمنگ کیا ہے اور کس طرح ڈیورمنگ کی دوا اسکول میں بچوں کو کھلانی ہیں اس حوالے سے تمام اساتذہ کو آگاہی دیجئے۔
2. اسکول عملے کے ساتھ مل کر دوا کھلانے کے حوالے سے تبادلہ خیال اور منصوبہ بندی کریں۔ تبادلہ خیال میں مندرجہ ذیل باتوں کو شامل رکھیں:
   - آیا اسکول میں داخل شدہ طلبہ کو ہر ایک کمرہ جماعت میں جا کر یا پھر اسکول کے میدان جیسی کسی جگہ پر بچوں کو جمع کر کے علاج فراہم کیا جائے۔
   - جو بچے اسکول میں داخل نہیں، انہیں دوائی کھلانے کے لئے اضافی جگہ بنائی جائے۔ مثلاً دروازے کے باہر وغیرہ۔
   - ڈیورمنگ کے لئے بہترین وقت کون سا ہے؟

نوٹ: ڈیورمنگ کے عمل کے لئے سب سے بہترین وقت صبح کا ہے تاکہ اسکول میں ہی طلباء پر کسی بھی قسم کے ہلکے پھلکے منفی اثرات (Mild Adverse Events) کیلئے نظر رکھنا ممکن ہو سکے۔

2. اسکول میں ڈی وارمنگ کی ترغیب کے حوالے سے منصوبے پر تبادلہ خیال کریں، اسے مرتب کریں اور اس پر عمل کریں۔

ڈی وارمنگ کے ہفتہ سے قبل کم از کم 3 سے 5 دنوں تک مسلسل اس منصوبے پر عمل کریں اور اس کے دوران مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کریں:

- اسکول میں صبح اسمبلی کے دوران اور کمرہ جماعت میں ڈیورمنگ اور صحت کی آگاہی کے پیغامات دیجئے۔
- طلباء میں تحریک پیدا کریں کہ وہ اسکول سے باہر علاقے کے پانچ سے چودہ (14-5) سال کی عمر کے بچوں کو ڈیورمنگ کے ہفتہ میں دوا کھلانے کے لئے اپنے ساتھ اسکول لائیں۔
- طلباء کو کہیئے کہ وہ اپنے والدین کو بھی اس حوالے سے مطلع کریں۔
- عنقریب آنے والے ڈیورمنگ کے ہفتہ کے بارے میں آگاہی اور معلومات کی فراہمی کے لیے والدین سے براہ راست بات چیت کرنے کے لئے اساتذہ و والدین کے ساتھ نشست منعقد کریں اور آگاہی مواد وغیرہ کا استعمال کریں۔
- اسکول کی عمارت کے اندر ڈیورمنگ کے حوالے سے بڑے سائز کے اور واضح بینر لگائیں تاکہ انہیں پڑھنے میں دشواری نہ ہو اور طلبہ کے ساتھ پوسٹر زیر درج ذیل پیغامات پر تبادلہ خیال کریں۔
- اسکول کے مرکزی دروازے یا ایسی جگہ پر ڈیورمنگ کے حوالے سے بینرز لگائیں جہاں علاقے کے زیادہ سے زیادہ لوگ اسے دیکھ سکیں۔

4. مقامی مرکز صحت سے رابطے کی تفصیلات حاصل کیجیے اور اپنے پاس رکھیں تا کہ دوا سے شدید منفی اثرات پڑنے یا دیر تک رہنے کی صورت میں ان کے پاس بھیجا جا سکے۔
5. مندرجہ ذیل چیزوں کی دستیابی کو یقینی بنائیں:

- اپنے اسکول میں داخل (پہلی سے دسویں جماعت تک) طلبہ کے لیے فارم 1A: ڈی ورمنگ ٹریٹمنٹ ریکارڈنگ فارم، جس میں ان بچوں کے نام پہلے سے درج ہوں۔
- دیگر اسکولوں میں داخل طلبہ یا اسکول سے باہر پانچ سے چودہ (5-14) سال کی عمر کے بچوں کے لیے فارم 1B: ڈی ورمنگ ٹریٹمنٹ
- ریکارڈنگ فارم۔
- صابن اور ہاتھ دھونے کی جگہ (اگر دستیاب ہو)
- صاف پانی کا نظام یقینی بنائیں۔
- Mebendazole 500 mg کی دوا۔
- MDA سے پہلے دوا کی صاف اور محفوظ جگہ پر Storage یقینی بنائیں۔
- فوری رہنمائی کے لیے یہ کتابچہ اپنے پاس رکھیں۔

6. اسکول میں داخل شدہ پانچ سے چودہ (5-14) سال کی عمر کے طلبہ کے لیے فارم 1A: ڈی ورمنگ ٹریٹمنٹ ریکارڈنگ فارم پر داخل شدہ تمام طلبہ کے نام، عمر اور جنس لکھ کر فارم کو تیار کریں۔

## ڈی ورمنگ ویک پر کرنے کے کام

1. بچوں کی قطار بنوائیں (اگر اسکول کے کسی ایسے حصے میں دوا کھلائی جا رہی ہوں جہاں تمام جماعتوں کے بچے موجود ہوں تو ان کی جماعت کے حساب کی قطار بنوائیں) یا (اگر کمرہ جماعت میں دوا کھلانے کا عمل کیا جانا ہو تو) انہیں اپنی جگہوں پر بیٹھے رہنے کے لیے کہیں۔
2. ایک ایک کر کے بچوں کو بلائیں۔
3. ہر بچے سے یہ چار سوالات کریں:

- کیا آپ خود کو بیمار محسوس کر رہے ہیں؟ اگر جواب ہاں میں آئے تو انہیں دوائی نہ کھلائیں۔
- کیا آپ آج کل کسی قسم کی دوائی لے رہے ہیں؟ اگر جواب ہاں میں آئے تو انہیں دوائی نہ کھلائیں۔
- کیا آپ کو مرگی کے دورے پڑتے رہتے ہیں؟ اگر جواب ہاں میں آئے تو انہیں دوائی نہ کھلائیں۔
- کیا آپ اس سے پہلے چھ مہینے کے اندر پیٹ کے کیڑوں کی دوا کھا چکے ہیں؟ اگر جواب ہاں میں آئے تو انہیں دوا نہ کھلائیں۔

4. دوائی کھلانے سے قبل صابن سے ہاتھ دھونے کی سہولت موجود رکھیں۔

نوٹ: اگر ایسا بچہ علاج کیلئے ڈی ورمنگ ویک کے دوران میں صحتیاب ہو جائے تو آپ اسے تب دوا کھلا سکتے ہیں۔ اگر ایسا نہ ہو تو انہیں علاج کیلئے مقامی صحت مرکز جانے کا مشورہ دیا جاسکتا ہے۔

5. ہاتھ دھونے کے بعد Mebendazole 500mg کی بوتل کھولیں
6. بوتل کے ڈھکن میں ایک گولی نکال کر بچے کے ہاتھ میں دیں۔ (بچے کے ہاتھ میں دینے سے پہلے بچوں کے ہاتھ دھلے ہونے کو یقینی بنائیں)
7. دوا / گولی نیچے گرنے کی صورت میں اس کو ضائع قرار دیں اور بوتل سے نئی گولی نکالیں۔
8. بچے کو دوا چبانے اور پھر نگلنے کی ہدایت دیجیے۔
9. چبانے اور نگلنے میں آسانی کے لیے بچے کو صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائیں۔
10. بچے نے دوا چبالی ہے اور نگل لی ہے یہ یقینی بنانے کے لیے بچے کو منہ کھول کر دکھانے کو کہیں اور جائزہ لیجیے۔
11. دوا چبانے اور نگلنے والے ہر بچے کا اندراج فارم A1 اور B1 میں کیجیے۔
12. بچوں کو دوا کھلانے کے دوران استعمال نہ ہونے والی بوتل کا ڈھکن بوتل کے اوپر رکھیں تاکہ ہر قسم کی آلودگی سے بچایا جاسکے
13. دوا کھلانے کے بعد Mebendazole 500mg کی بوتل کو مضبوطی سے بند کر دیجیے
14. دوا کھانے کے بعد معمول کے مطابق پڑھائی یا کام کر سکتے ہیں لیکن دوا کھلانے کے بعد اگلے 2 گھنٹے کے لیے بچوں پر نظر رکھیں اور کسی قسم کے منفی اثرات (Mild Adverse Events) یا طبیعت میں شدید خرابی (Serious Adverse Events) کی صورت میں مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کریں۔

## Mild Adverse Events یا طبیعت میں شدید خراب (Serious Adverse Events) کی صورتحال کو کس طرح سنبھالا جائے

ڈی ورمنگ کی دوا انتہائی محفوظ ہوتی ہیں اور ان کے چند ایک ہی منفی اثرات ہوتے ہیں۔ تاہم منفی اثرات کا ہونا کیڑوں سے ہونے والے شدید انفیکشن کی علامت ہے (چنانچہ دوا لینا بہت زیادہ ضروری ہو جاتا ہے)۔ بچے کی حفاظت اولین ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے کسی قسم کے منفی اثرات یا ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کے لیے محکمہ تعلیم و صحت کی جانب سے تربیت اور تیاریاں کروائی جا چکی ہیں۔
دوائی کھلائے جانے کے بعد منفی اثرات کا تھوڑے ہی وقت کے لئے سامنا ہوتا ہے اور دو گھنٹوں کے اندر ہی صورتحال دوبارہ بہتر ہو جاتی ہے۔

یہ Mild Adverse Events مندرجہ ذیل ہیں:




## منفی اثرات کی صورت میں اساتذہ مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کریں۔

1. کسی بھی قسم کے (مضر اثرات) Adverse Events سے گزرنے والے بچے کو دیگر بچوں سے الگ کر دیں۔
2. تمام بچوں کو تسلی دیں اور انہیں بتائیں کہ ان کی یہ علامات جلد ہی ختم ہو جائیں گی۔
3. بچے کو کسی کھلی اور سایہ دار جگہ پر لے جائیں اور اسے وہاں لیٹنے اور آرام کرنے دیں۔
4. سانس کے مسلے یا جھٹکوں کی صورت میں بچے کو پانی یا پینے کے لیے کچھ کبھی مت دیجیے۔
5. جب تک (ہلکے منفی اثرات) Mild Adverse Events کا خاتمہ نہ ہو جائے تب تک بچے پر مسلسل نظر رکھیں۔

## Serious Adverse Events (سنگین منفی اثرات) کی صورتحال سے کیسے نمٹیں؟

Mebendazole ایک بہت ہی محفوظ اور ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان (DRAP) اور عالمی ادارہ صحت (WHO) کی جانب سے پاکستان میں عوامی سطح پر کھلائے جانے کے لیے تجویز کردہ دوا ہے۔



کسی بچے کا Serious Adverse Events (سنگین منفی اثرات) سے گزرنا ایک غیر متوقع طبی صورتحال ہے جس کے لیے طبی توجہ درکار ہوتی ہے۔ کبھی کبھار بچوں کو پیش آنے والے سنگین حالات یہ ہو سکتے ہیں:

- Mild Adverse Events (ہلکے منفی اثرات) کا دو گھنٹے سے زیادہ ہونا۔

## اسکول میں کسی بچے کو Serious Adverse Events کا سامنا ہو تو اساتذہ کون سے اقدام اٹھائیں۔

1. سانس کی نالی کا جائزہ لیں کہ کہیں اس میں کسی قسم کی رکاوٹ کا سامنا نہ ہو یا کوئی چیز پھنسی نہ ہو۔ یہ یقینی بنائیں کہ ہوائی نالی صاف ہو۔
2. فوراً قریبی صحت کے مرکز یا ایمرجنسی رسپانس ٹیم سے رابطہ کریں اور سواری کا بندوبست کریں۔
3. متاثرہ بچے کو دیگر بچوں سے الگ کر دیں اور اسکول میں ڈی ورمنگ کی سرگرمیاں روک دیں۔
4. بچے کو تسلی دیں اور جتنا ہو سکے اتنا ہی اسے آرام پہنچانے کی کوشش کریں اور اسے دیگر بچوں سے دور ایک پر سکون مقام پر بٹھائیں۔
5. سانس کے مسلے یا جھٹکوں کی صورت میں بچے کو پانی یا پینے کے لیے کچھ کبھی مت دیجیے۔
6. ہیڈ ماسٹر/پرنسپل کو اطلاع دیں تاکہ ہیڈ ماسٹر/پرنسپل بچے کے والدین سے رابطہ کریں اور انہیں پر سکون انداز میں صورتحال سے آگاہ کریں۔ کسی بھی قسم کی شدید منفی علامات کی صورت میں میڈیکل افسر واقعے کے 24 گھنٹوں کے اندر SAE/DRAP فارم پر کرے گا اور اسے ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز صحت مرکز کے انچارج کے سپرد کرے گا۔

## سانس کی نالی میں رکاوٹ کیسے دور کریں؟

سانس کی نالی میں رکاوٹ ایک شدید منفی اثر ہے۔
بچوں کے دوا نگلنے سے پہلے چبانے کو یقینی بنا کر اس کے خطرے کو کم جا سکتا ہے۔
سانس کی نالی میں دوا پھنسنے پر ابتدائی طبی امداد کے درج ذیل اقدامات کیے جانے چاہییں؟

- بچے کے پیچھے کھڑے ہوں۔
- بچے کی کمر کے گرد بازو حمائل کریں۔ ایک ہاتھ کی مٹھی بنالیں اور انگوٹھے کو اندر کی جانب رکھتے ہوئے اس ہاتھ کو پسلیوں اور کمر کے درمیانی حصے (ناف) پر رکھیں۔
- اپنی مٹھی کو دوسرے ہاتھ سے پکڑیں۔
- اپنے بازوؤں کو بچے کی پسلیوں سے نیچے رکھتے ہوئے چار مرتبہ تیزی سے اندر اور اوپر کی جانب جھٹکا دیں۔
- بچے نے سانس کی نالی میں پھنسنے والی چیز اگل دی ہے۔ یقینی بنانے کے لیئے آپ کو یہ کئی مرتبہ دہرانا پڑ سکتا ہے۔
- سانس کے مسلے یا جھٹکوں کی صورت میں بچے کو پانی یا پینے کے لیے کچھ کبھی مت دیجیے۔
- کسی بھی قسم کی شدید منفی علامات (Serious Adverse Events) کی صورت حال میں استاد/استانی SAE Referral Slip (ریفرل سلپ) کو پُر کر کے فوری طور پر اپنے قریب ترین صحت مرکز رابطہ کریں۔ قریب ترین صحت مرکز (Health Facility) سے فوری رابطہ کے لیے ہر مرکز میں تربیت یافتہ Health Staff کا نام اور نمبر اس کتابچے کے آخر میں درج ہیں۔
- یہ فارم SAE Referral Slip (ریفرل سلپ) بچے/شاگرد کے ہمراہ نزدیکی صحت مرکز علاج کے لیے بھیجیں۔
- میڈیکل افسر واقعے کے 24 گھنٹوں کے اندر اندر SAE/DRAP فارم کے سیکشن ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز یا صحت مرکز کے انچارج کے سپرد کرے گا۔
- سنگین صورت حال میں ایمبولینس 1122 بھی MDA Week کے دوران تیار ہوں گی۔

## ڈی ورمنگ کے بعد







1. اسکول میں سارے بچوں کو دوا کھلانے کے بعد کتابچے میں دیئے گئے فارم 2 پر خلاصہ درج کریں جو کہ فارم 1A اور 1B کے اعداد سے لیا جائے گا۔ فارم 2 (Form 2) اور بچ جانے والی ادویات اپنے متعلقہ Area Education Officer کے پاس جمع کروائیں۔ دیگر معلومات کے لیے صفحہ نمبر 24، 25 اور 26 میں اپنے متعلقہ رپوٹنگ کیسکیڈ Reporting Cascade کو غور سے سمجھ لیجئے۔
2. پیٹ کے کیڑوں کے مزید انفیکشن سے بچاؤ کے لیے ٹیچر کو اپنے ماحول کو صاف ستھرا رکھنے، بچوں کو مٹی کھانے سے روکنے، ننگے پاؤں زمین پر چلنے سے روکنے، لیٹرین کے استعمال کرنے اور ہاتھوں کو صابن سے اچھی طرح دھونے کی ترغیب دینی ہوگی۔



اساتذہ مندرجہ ذیل نوٹ کے ذریعے والدین کو مطلع کریں

### برائے والدین

حکومت پنجاب نے بچوں کی بہترین صحت کو یقینی بنانے کے لیے درج ذیل تاریخ پر پیٹ کے کیڑوں کے خاتمے کے ہفتہ کا انعقاد کیا ہے۔ اس حوالے سے اسکول میں تربیت یافتہ اساتذہ پیٹ کے کیڑوں کی مفت اور محفوظ دوا (Mebendazole 500mg) کھلائیں گے۔ والدین سے گزارش ہے کہ اس مہم سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں۔ اور اگر آپکا بچہ کسی بیتگی بیماری کا شکار ہے، کسی قسم کی دوا پہلے سے لے رہا ہے یا پھر آپ اسے پیٹ کے کیڑوں کی دوا پہلے سے کھلا چکے ہیں، سکول میں متعلقہ استاد کو مطلع کریں۔ شکریہ

(پیٹ کے کیڑوں کے خاتمے کے ہفتہ کی تاریخ درج کریں)

منجانب: اسکول انتظامیہ

# ہدایات برائے فارم ون اے 1A

یہ فارم وہ اساتذہ پر کریں گے جوڈی ورمنگ کے دن یا اس کے بعد پہلی سے دسویں جماعت تک کے بچوں کو دوا کھلائیں گے۔ اگر کوئی طالب علم ڈی اور منگ و یک یا اس کے بعد چار دن غیر حاضر ہو تو اس بچے کے نام کے سامنے TREATED والے کالم میں A لکھاجائے گا۔ اگر بچے نے کسی وجہ سے دوا نہیں کھائی تو"0" لکھا جائے گا اور اگر دوا چبا کر کھاجائے تو"1" لکھا جائے گا پھر سارے عدد جمع کر کے اسی کالم کے نیچے حاصل جمع لکھا جائے گا۔ ہر کالم میں صرف ایک کے اعداد کو جمع کیا جائے گا

| | |
|---|---|
| 1 | مثلا اگر خرم نامی بچہ ڈی ور منگ و یک پر حاضر ہو مگر کوئی اور بھی دوا لے رہا ہو تو استاد اسے ڈی ورمنگ دوا نہیں کھلائیں گے اور اس بچے کے نام کے سامنے "0" لکھا جائے گا۔ |
| 2 | مثلا اگر حبیبہ نام کی بچی نے دواچبا کر نگل لی تو اس کے نام کے سامنے فی میل کے کالم میں "1" لکھاجائے گا۔ |

اگر دوا کھانے کے بعد بچے کو قے ہوئی اور دو گھنٹے تک نہیں رکی تو استاد متعلقہ کالم میں "1" لکھیں گے ۔ طبعیت خراب ہونے پر بچے یا بچی کو قریبی دواخانے یا ہسپتال لے جایا جائے گا۔ تو متعلقہ کالم میں "1" لکھا جائے گا۔

**School/College Name:** **Class/Grade Name:** **FORM: 1A**

## Punjab Deworming Initiative

### Deworming Treatment Recording Form for ENROLLED STUDENTS

*(To **be completed by teacher administering** deworming tablets on deworming week for students in class 1-10 only. If a student is absent for whole deworming week, **mark A for absent** under the column titled "Treated: Chewed & Swallowed Tablet?" Otherwise, **mark 0 for NO and 1 for YES** under the appropriate columns and tally subtotals at the bottom of page. Count only 1s in each column.)*

Khurram was present on deworming day, however, he was already on medication so teacher did not administer deworming tablet to him.

Habiba chewed and swallowed the tablet, for which teacher marked 1 under "female" column.

After taking deworming tablet Habiba began vomiting which did not stop even after 2 hours and so teacher marked it under SAEs

| Sr. # | Name of Child (to be filled before deworming day) | Sex | | Age (Years) | Treated: Chewed & Swallowed Tablet? (0/1/A) | | Serious Adverse Events including Side Effects persisting > 2 Hours (0/1) | Serious Adverse Events referred to local health facility (0/1) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | Male (0/1) | Female (0/1) | | Male (0/1/A) | Female (0/1/A) | | |
| 1 | Habiba | 0 | 1 | 13 | 0 | 1 | 1 | 1 |
| 2 | Khurram | 1 | 0 | 15 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| 3 | Naveed | 1 | 0 | 5 | 1 | 0 | 0 | 0 |
| 4 | Irshad | 1 | 0 | 12 | 1 | 0 | 1 | 0 |
| 5 | Aiman | 0 | 1 | 10 | 0 | A | 0 | 0 |
| SUBTOTAL | | Targeted: | | | Treated: | | 2 | 1 |
| | | Male | Female | | Male | Female | | |
| | | 3 | 2 | | 2 | 1 | | |

Aiman was absent on both deworming and mop-up day. Thus teacher marked her absent on mop-up day.

Habiba was successfully referred and taken to a nearby health facility for treatment of SAEs.

Teacher to add all 1s in the subtotal section.

After taking deworming tablet, Naveed began vomiting. However, he felt better within 2 hours and therefore was not marked under SAEs.

*Note: Serious Adverse Events are defined as a case of, very ill child after administration of medicine OR any side effect **persisting for more than 2 hours** (i.e. nausea, abdominal pain, diarrhea, vomiting).*

# ہدایات برائے فارم ون بی 1B

| | |
|---|---|
| 1 | یہ فارم وہ اساتذہ پر کریں گے جو ڈی ورمنگ کے دن یا اس کے بعد دیگر اسکولوں سے آنے والے بچوں کو یا اسکول سے باہر کے بچوں کو جن کی عمریں پانچ سے چودہ (14-5) سال ہوں گی کو دوا کھلائیں گے |
| 2 | اگر بچے نے دوا کھالی تو اس کے نام کے آگے ایک اور اگر نہ کھائی ہو تو صفر لکھا جائے گا۔ پھر ایک کے تمام اعداد جمع کر کے نیچے لکھے جائیں گے۔ |
| 3 | مثلاً مہک نامی بچی جو کسی اور اسکول میں پڑھتی ہے مگر اپنی دوست ایمن جو آپ کے اسکول میں پڑھتی ہے کے ساتھ دوا کھانے آئی ہے۔ اگر اس نے دوا کھالی تو اس کے نام کے سامنے والے کالم میں ایک لکھا جائے گا۔ |
| | اگر ولید نامی کوئی بچہ جو کسی اسکول میں داخل نہیں مگر گولی کھانے آیا ہے تو اس کے دوا کھانے پر اسکول سے باہر والے کالم میں اسی کے نام کے سامنے "1" لکھا جائے گا پھر تمام اعداد جمع کئے جائیں گے۔ |

**School/College Name:** **FORM: 1B**

## Punjab Deworming Initiative

### Deworming Treatment Recording Form for Students Enrolled in Other Schools and Out-of-School Children

*(**To be filled by teacher** administering deworming tablets on deworming week. **Mark 0 for NO and 1 for YES** under the appropriate columns and tally subtotals at the bottom of the page. Count only 1's in each column)*

Mahek studies in another school but came with her friend Aiman (who is enrolled in your school) on deworming day. Teacher administered her deworming tablet and recorded her under "**Students Enrolled in Other Schools**" column.

Waleed is not enrolled in any school but came for deworming to your school. Teacher treated him and recorded him under **"Out-of-School Children"** column.

| Sr. # | Name of Child (Upon Arrival) | Age (Years) | Treated: Chewed & Swallowed Tablet? | | | | Serious Adverse Events Including Side Effects Persisting > 2 Hours (0/1) | Serious Adverse Events Referred to Local Health Facility (0/1) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | Students Enrolled in Other Schools | | Out-of-School Children | | | |
| | | | Male (0/1) | Female (0/1) | Male (0/1) | Female (0/1) | | |
| 1 | Mahek | 15 | 0 | 1 | | | 1 | 1 |
| 2 | Ayesha | 17 | 0 | 1 | | | 0 | 0 |
| 3 | Waleed | 10 | | | 1 | 0 | 0 | 0 |
| 4 | Danish | 9 | | | 0 | 1 | 0 | 0 |
| 5 | Shahzaib | 8 | 1 | 0 | | | 0 | 0 |
| **SUBTOTAL** | | | **Treated:** | | **Treated:** | | 1 | 1 |
| | | | **Male** | **Female** | **Male** | **Female** | | |
| | | | 1 | 2 | 1 | 1 | | |

Teacher to add all 1s in the subtotal section.

*Note: Serious Adverse Events are defined as a case of, very ill child after administration of medicine OR any side effect **persisting for more than 2 hours** (i.e. nausea, abdominal pain, diarrhea, vomiting).*

## Punjab Deworming Initiative

**FORM 2**

## SCHOOL LEVEL: Treatment Summary Form

*(To be completed by the Principal/head teacher after deworming week using information from"Form 1A" and "Form 1B")*
*This form (along with the remaining medicines) must be sent directly to your respective Elementary Male AEO at the Markaz office (for public elementary schools, all privateschools and all Punjab Education Foundation schools) and to the DDEO at District Education Authority Office (for public secondary education schools) after one week of the MDA week*

***Section 1: School Information (including Enrollment Data from class 1-10)***

| |
|---|
| School Name: |
| Branch Name (in case of private school): |
| Category (Public/Private/Others): |
| Principal/Head Teacher Name: |
| School Address & Contact Number: |
| Signature & Stamp: |

| Total # of enrolled children in classes 1-10 (from school roster) | |
|---|---|
| Male (= A) | Female (= B) |
| | |

Add the "Subtotals" of Targeted "Male" and Targeted "Female" from school roster.

### *Section 2: Deworming Treatment Information*

| Total # of enrolled children DEWORMED (classes 1-10) | | Total # of enrolled children from other schools DEWORMED | | Total # of children out-of-school (OOSC) DEWORMED | | Calculate Treatment Coverage (your school ONLY) |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Male (= C) | Female (= D) | Male (= E) | Female (= F) | Male (= G) | Female (= H) | (C+D / A+B) x 100 = % |
| | | | | | | |
| 2a. Is your school's treatment coverage less than 75%? (Yes = 1, No = 2 and Skip to Section 3) ________ 2b. If yes, please identify the greatest reason for lower coverage, select only one (A = parent refusal, B = children scared due to SAE case, C = not enough medicine, D = lack of mobilization/awareness or E = other) __________ | | | | | | |

Add the "Subtotals" of Treated "Male" and Treated "Female" from all **Form 1As**.

Add the "Subtotals" of Treated "Male" and Treated "Female" from all **Form 1Bs** under "Students Enrolled in Other Schools"

Add the "Subtotals" of Treated "Male" and Treated "Female" from all **Form 1Bs** under "Out-of-School Children"

Add the "totals" of C & D and DIVIDE with the totals of A &B and MULTIPLY with 100

### *Section 3: Medicine Inventory and Serious Adverse Events (SAEs)*

| Medicine Inventory | | | | Serious Adverse Events (SAEs) | |
|---|---|---|---|---|---|
| Total # of tablets ISSUED (= X) | Total # of tablets USED* (= Y) | Total # of tablets REMAINING & RETURNED (= Z) | Total # of tablets WASTED** (= X-Y-Z) | Total # Serious Adverse Events including side effects persisting > 2 hours | Total # of Serious Adverse Events referred to local health facility |
| | | | | | |

The formula to calculate "**Total # of tablets WASTED**" is **"# of tablets ISSUED" – "# of tablets USED" – "# of tablets REMAINING"**

Add the "Subtotals" of "Serious Adverse Events" from all **Form 1As and Form**

Add the "Subtotals" of "Serious Adverse Events referred to local health facility" from all **Form 1As**

To be filled by nominated teacher.

## Referral Slip

### Serious Adverse Events during School-Based Deworming

This report should be completed as soon as possible after an adverse event arises by the class teacher or teacher administering the medicine. Once completed, this form should be submitted to the MO of the nearby health facility

| **1. PATIENT INFORMATION** | | |
|---|---|---|
| Name: | | |
| Date of Birth (DD/MM/YEAR) _ _/ _ _/ _ _ _ _ | Age (years) _ _ | Male [ ] Female [ ] |
| Province: | | |
| Union Council: | | |
| Other relevant locality information: | | |

| **2. DRUGS ADMINISTERED** | |
|---|---|
| Generic name of drug: | Dosage given (number of tablets): |
| Brand name of drug: | Date administered _ _/ _ _/ _ _ _ _ |
| Manufacturer: | Time administered: |
| Batch number: | Site of treatment (e.g. school name): |
| Expiry date (MM/YEAR) _ _/ _ _/ _ _ _ _ | |
| Did the child chew the tablet? Yes [ ] No [ ] Unknown [ ] | |
| Was this the first time the child took deworming medication? Yes [ ] No [ ] Unknown [ ]<br>If "*No*", provide additional details if known (e.g. time of deworming; drug administered; adverse reactions to previous deworming medication, etc): | |

To be filled by nominated health facility representative.

# ادویات وآلات سے متعلق شکایت فارم

# Drugs & Devices Related Complaint Form

| | |
|---|---|
| Name of the Complainant/ Reporting person<br>Contact Number<br>Address | شکایت کنندہ کا نام:<br>فون نمبر: پتہ: |
| Name of the Patient Age/Weight<br>Contact Number<br>Address | مریض کا نام: جنس: عمر: وزن:<br>فون نمبر: پتہ: |
| Name of Physician/Health Facility<br>Contact Number<br>Address | معالج وعلاج گاہ کا نام:<br>فون نمبر: پتہ: |
| **Name of Medicine/ Device** (Please provide the Name, Manufacturer, Batch No. Etc). | دوا یا آلہ کا نام:<br>بیچ نمبر: مالیکول: تیار کنندہ: |
| **Name of Medicine/ Device** (Please provide the Name, Manufacturer, Batch No. Etc). | دوا یا آلہ کا نام:<br>بیچ نمبر: مالیکول: تیار کنندہ: |
| Date & Time<br>Nature & Details of the Complaint/Problem | دوا کب شروع کی: تاریخ: وقت: مسئلہ کب شروع ہوا: تاریخ: وقت:<br>شکایت/مسئلے کی نوعیت و تفصیل: |
| Laboratory Findings (If any) | لیبارٹری ٹسٹ (اگر کوئی ہے): |
| Seriousness of the event<br>شکایت/مسئلے کی سنگینی | ☐ Death موت ☐ Disability معذوری ☐ Life threatening جان لیوا<br>☐ Congenital Anomaly پیدائشی نقص ☐ Hospitalization ہسپتال میں داخلہ ☐ Require intervention علاج کی مزید ضرورت<br>☐ Other متفرق |
| Outcome of the Event<br>شکایت/مسئلہ کے نتائج | ☐ Fatal موت واقع ہوئی ☐ Discontinued دوا یا آلے کا استعمال بند کرنا پڑا ☐ Recorvering مریض بہتر ہو رہا ہے ☐ Recovered مریض اب ٹھیک ہے ☐ Not Known پتہ نہیں |

ادویات، ویکسین، ڈیوائسز اور تشخیص سے متعلقہ ری ایکشن یا مسئلے کی مزید تفصیلات صفحے کے دوسری طرف مہیا کی جاسکتی ہیں

## Additional Information

مریض سے متعلقہ مزید معلومات:

☐ Addict نشئی ☐ Alcoholic الکوحلک ☐ Smoker سموکر ☐ Others متفرق

| | |
|---|---|
| Current Disease | موجودہ بیماری: |
| Medical History | گزشتہ بیماری: |
| Known Allergies | ادویات سے الرجی: |
| Medication History | گزشتہ مستعمل ادویات: |

دوا یا آلے میں آمیزش، زائد المعاد یا دوا کا اثر نہ ہونے کی صورت میں بھی اس فارم پر رپورٹ کریں

نوٹ: اضافی معلومات/ریکارڈ اس فارم کے ساتھ منسلک کی جاسکتی ہیں

براہ مہربانی اس فارم کو پُر کرنے کے بعد

**فارمیسی اینڈ فارمیکو ویجیلینس ونگ، پروونشل ڈرگ کنٹرول یونٹ**

**پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ 48/1 کچالارنس روڈ لاہور بھی ارسال کریں**

یا ہمیں آن لائن http://mss.punjab.gov.pk/reporttgrp یا بھیجیں pdcu.pshealth@gmail.com پر ای میل کریں

## پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کا ہفتہ (Deworming Week)کارول پلے (Role Play): منظر نامہ 1

منظر نامہ 1 (Role Play): آپ کے اسکول میں داخل شدہ طالب علموں کے پیٹ کے کیڑوں کا علاج

### ہدایات

1. اس رول پلے کے لیے مطلوبہ اشیاء
   - علاج کا ریکارڈ رکھنے کے لیے فارم A ا
   - اساتذہ کا رہنمائی کتابچہ
2. Deworming(پیٹ کے کیڑوں)کی دوائی دینے کے لیے اسٹیشن تیار کریں
   - اس بات کو یقینی بنائیں کہ دکھانے کے لیے ہاتھ دھونے والا اسٹیشن بمعہ صابن Deworming Station کے سامنے پہلے سے موجود ہو اس کے ساتھ ساتھ آرام کرنے کے لیے جگہ کی نشان دہی کر دی گئی ہو جہاں اسکول کے بچے دوا لینے کے بعد براہ راست آرام کر سکیں تاکہ ان کا مشاہدہ کیا جا سکے۔
3. چھوٹے گروپ کے ممبران میں کردار تقسیم کریں، اس منظر نامہ کے لیے مندرجہ ذیل افراد کی ضرورت ہو گی:
   - چار اساتذہ
     - ایک ٹیچر دوا دینے کے لیے
     - ایک ٹیچر علاج کا ریکارڈ رکھنے کے لیے
     - ایک ٹیچر لائنوں کو سیدھا رکھنے اور ہاتھ دھونے والے سٹیشن کو سنبھالنے کے لیے
     - ایک ٹیچر آرام کرنے کی جگہ کو سنبھالنے کے لیے۔کسی منفی اثرات (Adverse Events)کا مشاہدہ کرنے اور ان سے باقاعدہ نمٹنے کے لیے
   - چھ طالب علم
     - ہر طالب علم درج ذیل میں سے ایک کردار کے بطور کام کرے گا:

ایک فرضی نام رکھیں،(اندراج شدہ طالب علم، عمر)= 14 سال، کسی بھی مشکل کے بغیر دوا چباتا ہے اور کھاتا ہے، اس پر کوئی منفی اثرات بھی نہیں ہوتے۔

ایک فرضی نام رکھیں،(اندراج شدہ طالب علم)، عمر= 6 سال، میبینڈازول کی دوا دی گئی لیکن وہ دوا لینے سے انکار کر دیتا ہے۔

ایک فرضی نام رکھیں،(اندراج شدہ طالب علم)، عمر= 12 سال، دوا چبا کر کھاتا ہے، علاج کے بعد کچھ چکر کی شکایت کرتا ہے لیکن یہ کیفیت زیادہ دیر برقرار نہیں رہتی۔

ایک فرضی نام رکھیں،(اندراج شدہ طالب علم)، عمر=7 سال میبینڈازول کی دوا دی گئی لیکن اسے دوا چبانے اور نگلنے میں مشکل پیش آتی ہے، کوئی منفی اثرات نہیں۔

ایک فرضی نام رکھیں،(اندراج شدہ طالب علم)، عمر= 13 سال، میبینڈازول کی دوا دی گئی اسے متلی کی شکایت ہوتی ہے جو دو گھنٹے سے زائد برقرار رہتی ہے۔

ایک فرضی نام رکھیں (اندراج شدہ طالب علم، عمر=9 سال، بغیر کسی مشکل کے دوا چباتا اور نگل لیتا ہے اور کوئی منفی اثرات نہیں ہیں۔

آپ کی ٹیم کے پاس اس کردار کی مشق کرنے اور ترتیب دینے کے لیے 15 منٹ ہیں جس میں دوا کو صحیح طور پر دینے کے تمام مراحل کا باقاعدہ انتظام کرنا ہے۔

# پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کا ہفتہ (Deworming Week) کارول پلے (Role Play): منظر نامہ 2

منظر نامہ :2 دوسرے اسکولوں میں اندراج شدہ بچوں اور اسکول کے باہر کے بچوں کو پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کی دوا کھلانا

**ہدایات**

1. اس کردار کو ادا کرنے کے لئے ضروری اشیاء:
   - علان کا ریکارڈ کرنے کے لیے فارم IB
   - اساتذہ کا رہنمائی کتابچہ
2. پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کے لئے مقام اور سٹیشن تیار کریں
   - اس بات کو یقینی بنائیں کہ پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کے سٹیشن (Deworming Station) کے قریب ہاتھ دھونے کی جگہ اور صابن موجود ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ آرام کرنے کے لیے جگہ کی نشان دہی کر دی گئی ہے جہاں اسکول کے بچے دوا لینے کے بعد مشاہدے کے لئے براہ راست آرام کر سکیں۔

نوٹ: حقیقی مشق میں زیادہ تر بچے جو اسکول میں داخل نہیں ہیں علاج کے فوراً بعد ہی چلے جائیں گے۔ ایسی صورت حال میں ہر بچے کے علاج سے پہلے اس سے پوچھیں کہ کیا وہ آج کل بیمار ہے، دوا لے رہا/رہی ہے یا پہلے کبھی دوروں (جھٹکے) کا/ کی شکار ہو چکا / چکی ہے۔ اس سے پہلے کہ وہ اسکول سے چلے جائیں ہر بچے کو دوا کے ممکنہ منفی اثرات کے بارے میں مطلع کیجئے اور بتائیں کہ اگر وہ مختصر یا طویل مدتی منفی اثرات (Mild or Severe adverse Events) کا شکار ہوتے ہیں تو ان کو کیا کرنا چاہیے؟

اس منظر نامہ (Role Play) میں اس عمل کی مشق کریں اور ہر بچے سے منفی اثرات (Side Effect) کے بارے میں گفتگو کریں، اس میں رہنمائی کے لیے اساتذہ کا تربیتی ہینڈ آوٹ استعمال کریں۔

3. چھوٹے گروپ کے اراکین میں کردار تقسیم کریں، اس منظر نامہ (Role Play) میں مندرجہ ذیل کرداروں کی ضرورت ہو گی:
   - چار اساتذہ
     - ایک استاد دوا دینے کے لیے۔
     - ایک استاد علاج کا ریکارڈ رکھنے کے لیے۔
     - ایک استاد قطار اور ہاتھ دھونے والا سٹیشن سنبھالنے کے لیے۔
     - ایک استاد آرام کی جگہ سنبھالنے اور کسی منفی اثرات (Side Effects) کا مشاہدہ کرنے اور ان سے نمٹنے کے لیے۔
   - چھ طالب علم
     - ہر طالب علم مندرجہ ذیل میں سے ایک کردار ادا کرے گا

# عملی سیشن (Practical Session): فیلڈ میں مشکل کیسوں (Cases) کو کیسے سنبھالنا ہے

ایک فرضی نام رکھیں، (کسی اور اسکول کا داخل کر دہ طالب علم)، عمر =14 (چودہ)سال کسی بھی مشکل کے بغیر دوا چباتا ہے اور کھالیتا ہے

ایک فرضی نام رکھیں،( اسکول سے باہر کابچہ)، عمر =5(پانچ)سال، دوا دی گئی، اس نے چبالی، مگر اسے دوا نگلے میں مشکل پیش آتی ہے۔

ایک فرضی نام رکھیں،( اسکول سے باہر کابچہ)، عمر =12 (بارہ)سال،کسی اور بیماری کی وجہ سے نمایاں طور پر بیمارنظر آتا ہے۔

ایک فرضی نام رکھیں، کسی اور( اسکول کا داخل کردہ طالب علم)، عمر =7 (سات)سال، کسی بھی مشکل کے بغیر دوا چباتا اور نگل لیتا ہے۔

ایک فرضی نام رکھیں،( اسکول سے باہر کا بچہ)، عمر =13 (تیرہ)سال، کسی بھی مشکل کے بغیر دوا چباتااور نگل لیتا ہے۔

ایک فرضی نام رکھیں،( اسکول سے باہر کا بچہ)،عمر=8(آٹھ)سال، دوا دی گئی، گول چبائی،لیکن اسے دوا نگلنے میں مشکل پیش آتی ہے۔

- آپ کی ٹیم کے پاس اس کردار کی مشق کرنے اور اس رول پلے کو ترتیب دینے کے لیے 15 منٹ ہیں جس میں دوا کو صحیح طور پر دینے کے تمام مراحل باقاعدہ انجام دینے ہیں۔

# عملی سیشن (Practical Session): فیلڈ میں مشکل معاملے کو کیسے سنبھالنا ہے

## کیس #1 فکر مند والدین

والدین اس بات سے پریشان ہیں کہ ان کا بچہ پیٹ کے کیڑوں کی وجہ سے بیمار نہیں ہے اس لیے اس کا علاج نہیں کیا جانا چاہئے۔

اس مہم میں والدین اپنی دلچسپی کے لحاظ سے کیڑوں سے بچاؤ والے ہفتہ (Deworming Week) سے پہلے یا اسی دن اپنی تشویش کا اظہار کر سکتے ہیں۔

جو کچھ آپ نے آج سیکھا ہے اس کے مطابق آپ والدین کو انکے بچوں کے لئے کیڑوں سے بچاؤ کے دلائل (Reasoning) اور اس کے فوائد کے بارے میں کس طرح سمجھائیں گے؟

**5 منٹ کے لیے مختصر بحث (Brainstorming) کیجیئے اور بڑے گروپ میں تبادلہ خیال کیجیے۔**

فکر مند والدین کو اطمینان اور نرمی سے واضح کریں کہ پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کی مہم سے پہلے بیماری کے بارے میں پاکستان بھر میں مکمل تحقیق کی جاچکی ہے اور اس تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ کافی تعداد میں بچوں کے پیٹ میں کیڑے ہیں۔ اور اس وجہ سے کم از کم سال میں ایک بار پانچ سے چودہ (14-5) سال کی عمر کے تمام بچوں کا علاج تجویز کیا جاتا ہے۔

دوسرا یہ کہ تمام متاثرہ بچوں میں پیٹ کے کیڑوں کی علامات ظاہر نہیں ہوتیں۔ کچھ بچے معمولی طور پر متاثر ہوتے ہیں اور ان میں کوئی علامات ظاہر نہیں ہوتیں، تاہم، اگر ان کا علاج نہ کیا جائے تو انفیکشن بڑھ جائے گی اور علامات ظاہر ہو جائیں گی۔

چونکہ پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ اسکولوں کی سطح پر محفوظ اور آسان طریقہ علاج ہے اس لیے وزارت صحت اور وزارت تعلیم باہم مل کر یہ خدمات مفت فراہم کر رہے ہیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ بچے صحت مند اور پیٹ کے کیڑوں سے محفوظ رہیں۔

## کیس #2 انکار (Refusal)

انکار ایک ایسی صورت حال ہے جس میں بچے پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کی دوا لینے سے انکار کر دیتے ہیں۔

شرکاء کے لئے سوال: آپ کے اسکول میں یہ (صورت حال) پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کی مہم کی کامیابی پر کس طرح اثر انداز ہو سکتی ہے؟

جواب: قطار میں اگر پہلا بچہ پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کی دوا لینے سے انکار کر دے تو اس بات کا قوی امکان ہے کہ اگلے بچے کے لیے بھی دوا نگلنا مشکل ہو گا اور ایسا بھی ممکن ہے کہ وہ بھی دوا کھانے سے انکار کر دے۔ اس عمل کو پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کا ہفتہ (Dewoming Week) آنے سے قبل ہی روکا جا سکتا ہے۔

# عملی سیشن (Practical Session): فیلڈ میں مشکل معاملے کو کیسے سنبھالنا ہے؟

شرکا کے لئے اضافی سوالات: آپ اس صورتحال کو پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کا ہفتہ (Deworming Week) شروع ہونے سے قبل کیسے روک سکتے ہیں؟ آپ کو کیا کرنا چاہئے؟

ایک بڑے گروپ میں بات کریں۔

- یہ اس چیز کی علامت ہے کہ بچوں کو اس بارے میں مناسب طور پر تیار نہیں کیا گیا کہ وہ فکر مند ہیں چونکہ شاید وہ نہیں جانتے کہ پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کی دوا کس مقصد کے لئے ہے اور وہ نامعلوم منفی اثرات (Adverse Events) وغیرہ سے ڈر رہے ہیں۔
- اسکول کے بچوں، والدین اور کمیونٹی کو مؤثر طریقے سے پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کے ہفتہ (Deworming Week) سے پہلے تیار کیجیے۔
- بچوں کو انکی صحت پر پیٹ کے کیڑوں کے مختصر اور طویل منفی اثرات (Mild and Severe Adverse Events) کے بارے میں پڑھائیں اور انہیں بتائیں کہ پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کی دوا بہت محفوظ اور موثر ہے۔
- بچوں کو بتائیں کہ بعد از علاج معمولی منفی اثرات (Mild Adverse Events) عام بات ہیں لیکن یہ طویل عرصہ تک باقی نہیں رہتے۔ ان کے سامنے مثبت اثرات پر توجہ مرکوز رکھیں کہ ان کا جسم جب پیٹ کے کیڑوں سے پاک ہو جائے گا وہ بہت بہتر محسوس کریں گے۔
- اگر بچوں، والدین اور کمیونٹی کو پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کے ہفتہ (Deworming Week) سے پہلے مطلع کیا جائے تو پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ والے دن غلط معلومات، بے چینی اور گھبراہٹ میں کمی واقع ہو گی۔ اور علاج کے دوران ہدایت کی تکمیل کا عنصر بڑھ جائے گا۔
- پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ والے دن ہر طریقے سے تیار رہیں- اطمینان سے وقت لیں اور پیٹ کے کیڑوں سے بچاؤ کے پروٹوکول کے مطابق مرحلہ وار عمل کریں۔
- کسی بھی بچے کو پیٹ کے کیڑوں کی دوا لینے کے لیے مجبور نہ کریں۔
- بچے کی فیملی اگر آس پاس ہے تو ان سے بات کریں اور ان سے کہیں کہ وہ آپ کی مدد کریں۔
- بچے / بچی کا اس وقت علاج کریں جب وہ اس پر تیار ہو جائے۔

To be filled by nominated teacher.

## Referral Slip

### Serious Adverse Events during School-Based Deworming

This report should be completed as soon as possible after an adverse event arises by the class teacher or teacher administering the medicine. Once completed, this form should be submitted to the MO of the nearby health facility

| **1. PATIENT INFORMATION** | | |
|---|---|---|
| Name: | | |
| Date of Birth (DD/MM/YEAR) _ _/ _ _/ _ _ _ _ | Age (years) _ _ | Male [ ] Female [ ] |
| Province: | | |
| Union Council: | | |
